بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال: حدیث شریف میں آیا ہے کہ: آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تازہ تر کھجور (رطب) کے ساتھ (بطیخ) تناول فرماتے تھے، تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ: (بطیخ) سے کونسا پھل مراد ہے؟ خربوزہ (Musk Melon) یا تربوز (Water Melon)

اور دونوں میں سے کونسا کھانا سنت ہے؟ کیونکہ حدیث کے ترجمہ میں بعض مرتبہ (musk melon) لکھا ہوا ہوتا ہے، اور بعض مرتبہ (water melon) ؟

الجواب:

اس سلسلہ میں متعدد احادیث وارد ہیں، پہلے وہ ملاحظہ فرمائیں:

روايات الباب : وردت عن عائشة وأنس وسهل بن سعد وجابر رضي الله عنهم

حديث عائشة :

١- جاء في «جامع الترمذي» [١٨٤٣] عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها : أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ البِطِّيخَ بِالرُّطَبِ. قال الترمذي : وَفِي البَابِ عَنْ أَنَسٍ.

نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تازہ کھجور کے ساتھ تربوز یا خربوزہ کھاتے تھے۔

٢- وروى أبو داود في «السنن» [٣٨٣٦] عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْكُلُ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ فَيَقُولُ: نَكْسِرُ حَرَّ هَذَا بِبَرْدِ هَذَا، وَبَرْدَ هَذَا بِحَرِّ هَذَا.

رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تربوز یا خربوزہ پکی ہوئی تازہ کھجور کے ساتھ کھاتے تھے، اور فرماتے تھے: ہم اس (کھجور) کی گرمی کو اس (تربوز) کی ٹھنڈک سے، اور اس (تربوز) کی ٹھنڈک کو اس (کھجور) کی گرمی سے توڑتے ہیں۔

حديث أنس :

٣- وأخرج الإمام أحمد في «المسند» [١٢٤٤٩] والترمذي في "الشمائل" [٢٠٠] ، والنسائي في "الكبرى [٦٦٩٢] من حديث أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرُّطَبِ وَالْخِرْبِزِ.

میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو خربوزہ کو پکی ہوئی تازہ کھجور کے ساتھ ملا کر کھاتے ہوئے دیکھا۔

حديث سهل بن سعد:

٤- عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «يَأْكُلُ الرُّطَبَ، بِالْبِطِّيخِ» أخرجه ابن ماجه في السنن[٣٣٢٦]

حديث جابر:

٥- عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " كَانَ يَأْكُلُ الْخِرْبِزَ بِالرُّطَبِ، وَيَقُولُ: «هُمَا الْأَطْيَبَانِ» أخرجه الطيالسي في «المسند» [١٨٧١]

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم خربوزہ پکی ہوئی تازہ کھجور کے ساتھ کھاتے تھے، اور فرماتے تھے کہ: یہ دونوں نہایت عمدہ پھل ہیں۔

یہ تقریبا مشہور روایات ہیں اس سلسلہ میں:

پہلی اور چوتھی میں صرف (بطیخ) اور (رطب) دونوں کو ساتھ کھانے کا تذکرہ ہے۔

دوسری میں: دونوں کے مابین جمع کرنے کی (تعلیل) اور وجہ مذکور ہے کہ: ایک کی سردی سے دوسرے کی گرمی کو کاٹنا مقصود ہے۔

تیسری اور پانچویں روایت میں بطیخ کے بجائے (خربز) کا نام وارد ہوا ہے۔

نیز پانچویں میں دونوں پھلوں کو عمدہ بتایا گیا ہے۔

اختلاف شراح:

شراح حدیث کے مابین اختلاف ہے کہ (بطیخ) سے: زرد یعنی (خربوزہ) مراد ہے، یا سبز یعنی (تربوز) مراد ہے، یا دونوں مراد ہو سکتے ہیں؟ یعنی تین اقوال ہیں اجمالا۔

اختلاف کی دو واسباب ہیں:

۱-ارض حجاز میں حضور ﷺ کے زمانے میں کونسی قسم کا پھل موجود تھا: زرد یا سبز ؟

۲-دونوں میں سے برودت کس میں ہے، جو کھجور کی گرمی کاٹنے کے مناسب ہو؟

زرد (اصفر) (خربوزہ) (Musk Melon) مراد ہونے کی وجوہات:

۱-یہی ارض حجاز میں بکثرت پایا جاتا تھا۔(ابن حجر)

۲-حضرت انس کی روایت میں صراحت کے ساتھ اس کا نام (خربز) وارد ہے، جو زرد کے لئے بولا جاتا ہے۔(ابن حجر)

۳-خربوزہ میں اگرچہ تربوز کی بنسبت حرارت زیادہ ہے، لیکن تر کھجور کے مقابلہ میں اس میں برودت ہے، اور مراد کھجور کی گرمی کاٹنا ہی ہے۔(ابن حجر)

۴-ممکن ہے کہ آپ ﷺ کچا خربوزہ تناول فرماتے ہوں کیونکہ اس وقت اس میں برودت ہوتی ہے۔(طیبی شارح مشکوۃ)

۵-حدیث میں دونوں کے بارے میں من وجہ حرارت اور من وجہ برودت کا پایا جانا بتایا گیا ہے، مطلقا ایک کو گرم اور دوسرے کو سرد نہیں کہا گیا۔(صنعانی فی التنویر)

۶۔حرارت وبرودت سے حرارت حس ولمس (ہاتھ سے چھونے کی) مراد ہے، نہ کہ مزاج کی حرارت۔ چنانچہ میٹھی چیزیں گرم محسوس ہوتی ہیں، بخلاف خربوزہ کے، کہ وہ کاٹنے کے بعد سرد ہوتا ہے۔ بلکہ ابن سینا سے یہ بھی نقل کیا گیا کہ خربوزہ مزاج کے اعتبار سے سرد ہے۔(الگنگوہی فی الکواکب)

سبز (اخضر) (تربوز) (Water Melon) مراد ہونے کی وجوہات:

۱-اس میں بنسبت خربوزہ کے برودت زیادہ ہے، جو تازہ کھجور کی گرمی کو کاٹنے کے بلکل مناسب ہے۔(ابن القیم وابن رسلان)

۲-وہ زود ہضم ہے۔(ابن القیم)

۳-بطیخ کا لفظ زیادہ تر سبز (یعنی تربوز) کے لئے مستعمل ہے اہل شام کے نزدیک (ابن رسلان)

۴-برودت کے لئے کچا خربوزہ کھانا خلاف عادت ہے۔(الگنگوہی)

علماء کے رجحانات اور اقوال:

۱-خربوزہ مراد ہونے کے قائلین:

ابن عبد الحق:

"الخربز" نوع من البطيخ، ومنهم من يجعل كل بطيخ خربزاً ، وكلام مالك يقتضي أنه ليس البطيخ نفسه ، وهو البطيخ السِّندي. الاقتضاب في غريب الموطأ وإعرابه على الأبواب (٢/ ١٧٥)

حافظ ابن حجر عسقلانی:

والمرادبه الأصفر بدليل ورود الحديث بلفظ الخربز بدل البطيخ وكان يكثر وجوده بأرض الحجاز بخلاف البطيخ الأخضر ... في الأصفر بالنسبة للرُّطَب برودة وإن كان فيه لحلاوته طرف حرارة [فتح الباري ٩ / ٥٧٣]

زین الدین عراقی:

وقال ابن القيّم: المراد الأخضر. قال زين الحفّاظ العراقي: وفيه نظر. منتهى السؤل على وسائل الوصول إلى شمائل الرسول(٢ / ٢٢٤)

وروى الطيالسي من حديث جابر بسند حسن :كان يأكل الخربز بالرطب ويقول : هما الأطيبان . وهذا يؤيد قول من قال بأن المراد بالبطيخ : هو الأصفر. تخريج أحاديث إحياء علوم الدين (٣ / ١٤٢٦).

شرف الدین طیبی:

وقال الطيبي: لعل البطيخ كان نيئا غير نضج فهو حينئذ بارد اهـ. مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح (٧ / ٢٧٢٣)

رشید گنگوہی:

البطيخ : هو المشهور فينا بخربزه ، وأما ما قال بعضهم في معناه أنه التربز ، فهو ليس بسديد ، ومنشأ توهُّمه ما ورد في بعض الروايات أنه كان يُمِيت بحرّ الرطب بردَه، والجواب عنه : أن المراد بالحرّ والبرد ثمةَ حرارةُ الحِسّ واللَّمس وبرودته ، لا حرارة المزاج وبرودته ، فإن الحالي (الحلو) من الأشياء يُحَسّ كأنه حار ، ولا كذلك البطيخ فإنه يتبرد بتركه مقطوعًا، وأما ما أجاب بعضهم بأنه كان نيًا غير نضيج ، فيأبى عنه أنه لا يُؤكَل عادة.الكوكب الدري على جامع الترمذي(٣ / ٢٣)

زکریاالکاندھلوی:

وهو مختار الشيخ (أي الگنگوهی) وهو الأوجه لموافقة أهل اللغة فإنهم فسروه بالخربز ، قال صاحب المحيط الأعظم: البطيخ بر وزن مريخ اسم خربزة أست انتهى، وهكذا في غير واحد من كتب اللغات كنفائس اللغات وغيره.حاشية الكوكب

٢-تربوز مراد ہونے کے قائلین:

ابن تیمیہ

وَسُئِلَ - رَحِمَهُ اللهُ -:عَنْ رَجُلٍ قَالَ: " إنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَكَلَ بِطِّيخًا أَصْفَرَ عُمْرَهُ " وَقَالَ الْآخَرُ: " إنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكَلَ الْعِنَبَ دَوٍ دو "؟
فَأَجَابَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ، قَوْلُهُ: " أَكَلَ الْعِنَبَ: دو دو " كَذِبٌ؛ لَا أَصْلَ لَهُ وَأَمَّا الْبِطِّيخُ فَقَدْ كَانُوا يَأْكُلُونَ الْبِطِّيخَ؛ لَكِنَّ الْمَشْهُورَ عِنْدَهُمْ كَانَ الْبِطِّيخُ الْأَخْضَرُ. مجموع الفتاوى (٣٢/ ٢١٢)

ابن القیم:

وَالْمُرَادُ بِهِ الْأَخْضَرُ، وَهُوَ بَارِدٌ رَطْبٌ، وَفِيهِ جَلَاءٌ، وَهُوَ أَسْرَعُ انْحِدَارًا عَنِ الْمَعِدَةِ مِنَ الْقِثَّاءِ وَالْخِيَارِ.

الطب النبوي لابن القيم (ص: ٢١٥)

ابن رسلان:

والمراد بالبطيخ في حديث البابِ: الأخضر، فإنه وَصَفه بالبرودة، والبارد الأخضر، وأما الأصفر فإنه حار، ... لأن أهل الشام يُطلقون البطيخ على الأخضر. شرح سنن أبي داود لابن رسلان (١٥ / ٤٩٢)

ملا علی قاری:

وقيل: هو الأخضر، وهو الأنسب لأن الأصفر فيه حرارة، اللهم إلا أن يقال فيه بالنسبة للرطب برودة ، وإن كان فيه لحلاوته طرف حرارة . ويمكن حمله على نوع منه لم يتم نضجه، فإن فيه برودةً يعدّلها الرطبُ. مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح (٧ / ٢٧٠٢)

والجمهور على أن المراد به الأخضر. مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح (٧/ ٢٧٢٣)

وَقِيلَ: هُوَ الْأَخْضَرُ، وَهُوَ الْأَظْهَرُ ، لِأَنَّهُ رَطْبٌ بَارِدٌ، وَيُعَادِلُ حَرَارَةَ الرُّطَبِ، مَعَ أَنَّهُ لَا مَنْعَ مِنَ الْجَمْعِ بِأَنَّهُ فَعَلَ هَذَا مَرَّةً، وَفَعَلَ هَذَا أُخْرَى. جمع الوسائل في شرح الشمائل(١/ ٢٤١)

أبو الحسن سندی:

قلت: لا يلزم من ذكر الخربز في حديث أنس أن يُحمَل البطيخ في حديث عائشة عليه، فيجوز أن يحمل البطيخُ في حديث عائشة على الأخضر ، كما قال ابن القيم ، ليلائم التعليلَ بكسر حرارة الرطب ببرودة البطيخ ، فافهم. فتح الودود في شرح سنن أبي داود (٣/ ٧٥٥).

الالبانی:

وقول ابن القيم : "المراد به الأخضر "، هو الظاهر من الحديث. ولكن الحافظ رده في " الفتح " وذكر أن المراد به الأصفر . سلسلة الأحاديث الصحيحة (١/ ١٢٥)

وقوله : "نكسر حر هذا ببرد هذا "... لا يظهر هذا المعنى تمام الظهور بالنسبة إلى الخربز، ما دام أنه يشابه الرطب في الحرارة. والله أعلم. سلسلة الأحاديث الصحيحة (١/ ١٢٧)

۳-عدم فرق (یعنی دونوں مراد ہونے کے امکان) کے قائلین:

الاذرعی الشافعی:

قال الأذرعي: والظاهر والمختار عدم الفرق. شرح سنن أبي داود لابن رسلان (١٥/ ٤٩٢)

المناوي:

قال في المناهج: والبطيخ الذي وقع في الحديث هو الأخضر، وقيل : الأصفر، ورُجّح الثاني، ولا مانع أنه أكلهما. فيض القدير (٥/ ١٩٤)

الأمیر الصنعانی:

(كان يأكل البطيخ) بكسر الموحدة ويقال الطبيخ بتقديم الطاء. (بالرطب) والبطيخ نوعان أخضر وأصفر، وكأن المراد يأكل ما وقع له منهما بذلك، ليكسر حر هذا برد الآخر . التنوير شرح الجامع الصغير (٨/ ٥١٦)

والحديث دال على أن كل منهما فيه حرارة وبرودة، لا أن الحرارة في أحدهما والبرودة في الآخر.

قلت: كأنه يريد من البطيخ الأخضر والأصفر، وكان الأولى الاقتصار على ذكر البرودة، لأن التعليل ناظرًا إليها فيهما فقط، وإن كانا لا يخلوان عن جزء حرارة. التنوير شرح الجامع الصغير (٨/ ٥٢١)

هذا ما تيسر جمعه وترتيبه في هذا المقام، ورأيي أنه لا مانع أن يكون المراد كليهما، لأنهما نوع وفصيلة واحدة من الفواكه، وفي كل منهما حرارة وبرودة من وجه . والله أعلم .

حرره العبد الفقير إلى رحمة وعفوه : محمد طلحة بلال أحمد منيار

ليلة الجمعة ٢٠٢٠/١٢/٢٥